**31/01/2025**

**09.20 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے**

**بجٹ**

**پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ اس کے بعد وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اقتصادی جائزہ پیش کریں گی۔ وزیر خزانہ کل یعنی یکم فروری کو مالی سال 2025-26 کا بجٹ پیش کریں گی ۔**

**ملک کی عوام کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر کے لوگوں نے بھی مرکزی بجٹ سے امیدیں وابستہ کی ہیں ۔ اس سلسلے میں آکاشوانی شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وادی کے ایک معروف صحافی اور اقتصادی امور کے ماہر حکیم عرفان نے اپنے خیالات کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔**

**--------- --------**

**جتیندر سنگھ**

**وزیر اعظم کے دفتر میں وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ گجرات کے احمد آبا دمیں قائم کیا گیااپنی نوعیت کا پہلا اور جدید انٹرنیشنل فائنانشل سروسز سینٹر ، تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں کلیدی رول ادا کرے گا ۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ ملک کی ترقی کی داستان کا ایک پہلو اجا گر کرتا ہے ۔**

**بھارت پرو**

**آئین کے 75سال مکمل ہونے کے تناظر میناس برس محکمہ سیاحت کے اہتمام سے لال قلعے پر 26 جنوری کو شروع ہوا بھارت پرو آج اختتام پذیر ہو رہا ہے۔**

**اس دوران کئی پروگرام منعقد کئے گئے۔جن میں آئین کے مختلف پہلوؤں کو اجا گر کیا گیا ۔ آئین 26 جنوری 1950 کو ملک میں نافذ کیا گیا تھا ۔**

**جاوید ڈار**

**امدادِ باہمی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں کوآپریٹیو سیکٹر کی ترقی و استحکام اور کسانوں کی خوشحالی کے لئے اٹھائے جا رہے اقدامات میں کافی پیش رفت ہوئی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں بھی سال 2025 کے لئے اقوام متحدہ کی جانب سے مقرر کئے گئے موضوع کی مناسبت سے نتیجہ خیز کام ہو رہا ہے ۔**

**یہ بات قال ذکر ہے کہ اقوام متحدہ نے سال 2025 کو امدادِ باہمی کا بین الاقوامی سال قرار دیا ہے اور اس سال کے لئے "Cooperatives Build A Better World" موضوع مقرر کیا گیا ہے ۔**

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے امرُت کے دوسرے مرحلے کی یوٹی سطح کی سٹئیرنگ کمیٹی کی چھٹی میٹنگ کے دوران امرُت پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس پروگرام کے تحت شروع کئے گئے پروجیکٹوں کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔**

**میٹنگ میں بتایا گیا کہ امرُت کے دوسرے مرحلے کے تحت 63 واٹر سپلائی اسکیموں کے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کئے گئے ہیں ۔ میٹنگ میں کئی محکموں کے اعلیٰ افسران موجود تھے ۔**

**دستکاری میٹنگ**

**دستکاری محکمہ کشمیر نے قومی ایوارڈ یافتہ دستکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ طلب کی ۔ محکمہ اِن دستکاروں کی مدد سے کشمیر میں دستکاروں کو مالی استحکام اور ان کی طرف سے تیار کئے گئے مصنوعات کو عالمی بازار تک رسائی فراہم کرنے کے لئے طریقہ کار کو تشکیل دینے میں ان کا تعاون حاصل کر رہا ہے ۔**

**IGNOU**

**اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی ریجنل سنٹر واقع سعدہ کدل سرینگر میں 28 جنوری سے 7 فروری 2025 تک پروجیکٹ اور انٹرنشپ کے لئے Viva Voce کا انعقاد کر رہا ہے۔**

**دسمبر 2025 کے لئے اپنے پروجیکٹس داخل کئے ہیں ان کو مشورہ Term-end جن طلباءنے دیا جاتا ہے کہ وہ علاقائی مرکز کی سرکاری ویب سائٹ پر اپنے نام اور نظام الاوقات چیک کریں۔ میں حصہ لینے کے لئے نامزد مقام پر مخصوص تاریخ اور وقت پر پورٹ کرنا Viva Voce انہیں ہوگا۔**

**شعبان المظم**

**کل شعبان المظم کا چاند دیکھنے کے بعد آج سے ماہِ شعبان کا آغاز ہوا ہے ۔ ماہِ شعبان کا چاند دیکھنے کی تصدیق کرتے ہوئے مفتی اعظم مفتی ناسر الاسلام نے جموں کشمیر کی عوام کو مبارک باد پیش کی ہے ۔ اور دعا کی ہے کہ یہ مقدس مہینہ عوام کے لئے فیوض برکات لے کر آئے ۔**

**شاہراہ**

**سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے  اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔**

**البتہ سرینگر کرگل// بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کے لئے بند ہیں۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 0 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ  5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**